© rasailojaraid.com



# وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی اسناد کی اہمیت وافادیت اور معادلہ کے نوٹیفکیشن وطریقہ کار

مولانا عبدالمجید مدظلہ
ناظم مرکزی دفتر وفاق

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی رجسٹریشن:

,وفاق المدارس العربیہ پاکستان،، کی سرکاری رجسٹریشن 1960ء میں ہوئی۔ سرکاری رجسٹریشن نمبر 44/MR-1960-61 ہے

## شہادۃ العالمیہ:

''الشہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ'' وفاق المدارس کی سب سے بڑی ڈگری ہے جو کہ وفاق المدارس سے ملحق تمام مدارس دینیہ کے طلبہ / طالبات کو درس نظامی کے نصاب کے مطابق آخری سال کا امتحان پاس کرنے پر جاری کی جاتی ہے۔ اس کا دورانیہ دو سال ہے۔ اس سے قبل مڈل یا متوسطہ کی بنیاد پر ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ اور عالیہ کا امتحان پاس کرنا ضروری ہے۔

سب سے پہلے 1982ء میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے ''شہادۃ العالمیہ'' کو ایم اے عربی ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کیا تھا۔ جو کہ پاکستان میں یونیورسٹیوں کی اسناد کی جانچ پڑتال اور معادلہ کے اجراء کا مرکزی ادارہ تھا، بعد میں یہ ادارہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نام سے موسوم ہوا۔ 2004ء میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے دوبارہ مدارس کی فائنل ڈگری کو ایم اے عربی، ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ دینی مدارس کی اسناد کے بارے میں سرکاری سطح پر جاری کیے جانے والے نوٹیفکیشنز کو ذیل میں بحوالہ ذکر کیا جارہا ہے۔

## معادلہ کے نوٹیفکیشن:

### شہادۃ العالمیہ:

(۱) یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے 17 نومبر 1982ء کو ,,وفاق المدارس،، کی فائنل ڈگری ,,شہادۃ العالمیہ،، کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حوالہ نمبر 8-4/Acad/128 کے تحت ایم اے عربی، ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کیا۔

(۲) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 2002ء میں ,,شہادہ العالیہ،، کو ایم اے عربی، ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کرتے ہوئے ,,شہادۃ العالمیہ،، کی بنیاد پر ,,وفاق،، کے فضلاء کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت دی۔

(۳) یونیورسٹی گرانٹس کا نام بعد میں تبدیل ہو کر ہائیر ایجوکیشن کمیشن ہو گیا۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے 12 مئی 2004ء کو حوالہ نمبر 8-16/HEC/A&A/2004 کے تحت ,,شہادۃ العالیہ،، کو مساوی ایم اے عربی، ایم اسلامیات تسلیم کرنے کا مراسلہ دوبارہ جاری کیا۔

(۴) حکومت پنجاب کی طرف 3 جولائی 2009ء کو عربی ٹیچنگ کے سلسلے میں ,,شہادۃ العالیہ،، کو تسلیم کرنے کا مراسلہ جاری کیا گیا۔

**تحتانی اسناد:**

(۵) کراچی یونیورسٹی نے 4 جنوری 2013ء کو حوالہ نمبر R-V1-20/A2013 کے تحت ,,شہادۃ العالیہ،، کو بی اے کے مساوی تسلیم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔

(۶) یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے 14 مارچ 1984ء کو حوالہ نمبر 8-418/Acad/84/726 کے تحت ثانویہ عامہ کی سند کو میٹرک، ثانویہ خاصہ کی سند کو ایف اے اور عالیہ کی سند کو بی اے کے مساوی تسلیم کیا۔ لیکن بعد میں اس کو منسوخ کر دیا۔

(۷) انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین (IBCC) نے 16 اکتوبر 2007ء کو عامہ کی بنیاد پر میٹرک اور خاصہ کی بنیاد پر ایف اے کے لازمی مضامین کا امتحان دینے کی اجازت دی۔

(۸) کارروائی اجلاس کمیٹی برائے معادلہ اسناد دینی منعقدہ 12 ستمبر 1982ء مطابق 23 ذیقعدہ 1402ھ (یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، وزارت تعلیم حکومت پاکستان، وفاق ہائے)

چنانچہ سرکاری طور پر مدارس کی ڈگری تسلیم ہونے کی بعد اس کی افادیت میں اضافہ ہوا۔ البتہ اس کے لئے معادلہ سند کا حصول ضروری ہے۔ ابتداء میں صرف شہادۃ العالیہ کا معادلہ سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا تھا، رفتہ رفتہ تمام درجات کا معادلہ کیا جانے لگا۔

**شہادۃ العالیہ کا معادلہ:**

ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن 8(61)/A&A/2017/HEC بمورخہ 13 اکتوبر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

2017ء کے مطابق (1) شہادۃ العالیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کی سند، ایچ ای سی کی جانب سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی یا کسی بھی چارٹرڈ یونیورسٹی جو آئی بی سی سی سے شہادۃ ثانویہ عامہ وثانویہ خاصہ کے معادلہ کی شرط کے ساتھ بی اے (پاس) کی سطح کے انگلش و مطالعہ پاکستان کے لازمی مضامین پاس کرنے کے بعد، بی اے (بیچلرز) پاس کے مساوی تسلیم کی جائے گی۔ان کی سفارشات کے مطابق آئی بی سی سی شہادۃ ثانویہ عامہ اور ثانویہ خاصہ کا معادلہ جاری کرے گا۔(2) وفاق اپنے طور پر طالب علم کو ثانویہ عامہ میں داخل کرے گا، یعنی متوسطہ مساوی درجہ مڈل اور ایچ ای سی دینی اسناد کے حاملین سے مڈل سٹرٹیفکیٹ طلب نہیں کرے گا۔(3) اگر کوئی طالب علم کسی یونیورسٹی میں اسلامیات وعربی کے علاوہ کسی اور مضمون میں ماسٹرز کرنے کا خواہشمند ہو تو وہ شہادۃ العالیہ کے بعد لازمی مضامین کے علاوہ اپنی پسند کے دو اختیاری مضامین کا امتحان پاس کرے گا۔

**شہادۃ ثانویہ خاصہ کا معادلہ:**

وفاق المدارس کی سند ثانویہ خاصہ کا براہ راست معادلہ نہیں ہوتا، البتہ اس کی بنیاد پر IBCC نے ایف اے کے لازمی مضامین اردو، انگلش کے ساتھ دو اختیاری مضامین کا امتحان دینے کی اجازت دی ہے۔ان مضامین کے امتحان کے بعد IBCC وفاق کے نمبروں اور عصری مضامین کے نمبروں پر مشتمل معادلہ سند جاری کرتا ہے۔نئی پالیسی کے مطابق انگلش اے، انگلش بی، اردو اے، اردو بی پیپر دینا ہوں گے۔

**شہادۃ ثانویہ عامہ کا معادلہ:**

ثانویہ عامہ کا بھی براہ راست معادلہ نہیں ہوتا، البتہ اس کی بنیاد پر IBCC نے میٹرک کے لازمی مضامین اردو، انگلش، مطالعہ پاکستان کا امتحان دینے کی اجازت دی ہے۔نئی پالیسی کے مطابق ان مضامین کے اے پیپر اور بی پیپر دینا ہوں گے۔

**شہادۃ العالمیہ کی افادیت:**

شہادۃ العالمیہ کی بنیاد پر فضلاء درج ذیل سرکاری ملازمتوں کے اہل ہو سکتے ہیں۔امام، خطیب، خطیب اعلیٰ، قاری ٹیچر، عربی ٹیچر، عربی لیکچرار، اسلامیات لیکچرار، مفتی، قاضی وغیرہ۔

**شہادۃ العالمیہ کی بنیاد پر اعلیٰ تعلیم:**

شہادۃ العالمیہ کی بنیاد پر کسی بھی یونیورسٹی سے عربی یا اسلامیات میں ایم فل اور پھر پی ایچ ڈی کر سکتے ہیں، جس سے ملازمت کا حصول مزید سہل ہو سکتا ہے۔تاہم تمام فضلاء کوشش کریں کہ اپنی اسناد کا معادلہ کروالیں، کیونکہ کسی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بھی سرکاری ادارے میں اعلیٰ تعلیم یا ملازمت کے حصول کے لئے معادلہ سند کا ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ شہادۃ العالمیہ کے معادلہ کے حصول کا تفصیلی طریقہ کار ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔

**شہادۃ العالمیہ کی بنیاد پر معادلہ ایم اے عربی، ایم اے اسلامیات کے حصول کا طریقہ کار:**

**بنیادی کوائف:** (1)......عالمیہ کے سن امتحان کے وقت عمر کم سے کم 20 سال ہونا لازم ہے۔

(2)......تمام اسناد میں دو دو سال کا وقفہ ہونا لازم ہے۔

(3)...... اسناد کے کوائف شناختی کارڈ کے مطابق ہونے چاہئیں، حتیٰ کہ تاریخ پیدائش کا دن اور مہینہ بھی اسی کے مطابق ہونا لازم ہے۔

(4)...... وفاق کی تمام اسناد پر توقیع المدیر کی جگہ مہتمم اور توقیع رئیس المدرسین کی جگہ صدر مدرس کے دستخط کروانا ضروری ہے۔

**دفتر وفاق سے تصدیقات**

(1)...... عامہ تا عالمیہ چاروں اصل اسناد مع کشف الدرجات کی تصدیق

(2)...... عامہ تا عالمیہ چاروں اسناد مع کشف الدرجات کی دو دو نقول کی تصدیق

(3)...... درخواست برائے معادلہ دینی اسناد (HEC) پر تصدیق

(4)...... تصدیق اسناد فیس 400 روپے

**انٹر بورڈ (IBCC) سے تصدیقات**

(1)...... قومی شناختی کارڈ کی نقل۔ (2)......عامہ وخاصہ اصل اسناد کی تصدیق۔

(3)...... وفاق کا جاری کردہ سربمہر لفافہ (IBCC(seal pack میں جمع کروائیں۔

(4)...... انٹر بورڈ بینک چالان سلپ -/800

(5)...... وفاق المدارس سے اسناد کی تصدیق کروانے سے 3 ماہ کے اندر انٹر بورڈ آفس میں جمع کروانا لازم ہیں۔ بعد ازاں مسترد تصور ہوں گی اور دوبارہ وفاق سے تصدیق کروا کر سربمہر لفافہ حاصل کرنا ہوگا۔

**ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) دفتر کے کوائف وشرائط**

(1)......عامہ تا عالمیہ اصل اسناد مع کشف الدرجات (مصدقہ وفاق)

(2)......عامہ تا عالمیہ فوٹو کاپی اسناد مع کشف الدرجات (مصدقہ وفاق)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(3)...... شہادۃ العالمیہ کا نتیجہ (مصدقہ وفاق)

(4)......درخواست برائے معادلہ دینی اسناد (HEC) (مصدقہ وفاق)

(5)......انٹر بورڈ سے تصدیق شدہ عامہ وخاصہ اسناد کی نقول (سند کے سامنے اور پشت دونوں اطراف کی کاپی)۔

(6)...... قومی شناختی کارڈ کی نقل۔ (7)...... پاسپورٹ سائز رنگین تصویر۔

(8)...... مڈل سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل (جو کہ عامہ سے دو سال پہلے کا ہو)۔ (9)...... ایچ ای سی بینک چالان سلپ 1500/- روپے۔ ایچ ای سی فارم پر اپنا نام اور ولدیت انگریزی حروف میں بھی واضح لکھیں۔

ایچ ای سی فارم پر اپنا مکمل ایڈریس اور موبائل نمبر واضح لکھیں۔ معادلہ سرٹیفکیٹ ہر امیدوار کو بذریعہ ڈاک بھجوایا جاتا ہے۔ فضلاء کی سہولت کے لئے انٹر بورڈ اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے مرکزی وصوبائی دفاتر کے ایڈریس مع فون نمبر تحریر کردیے ہیں تاکہ فضلاء اپنے متعلقہ صوبائی دفاتر سے آسانی رابطہ کرسکیں۔

### انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) دفاتر کے ایڈریس

اسلام آباد:...... پلاٹ نمبر 25 گلی نمبر 38 سیکٹر G-10/4، نزد فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اسلام آباد +92-51-9330251

کراچی:...... بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بلڈنگ ، بختیاری یوتھ سنٹر، نارتھ ناظم آباد کراچی +92-21-36639878

لاہور:...... بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بلڈنگ، 86 مزنگ روڈ لاہور +92-42-9306322-99203893

پشاور:...... بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بلڈنگ، گرینڈ ٹرنک روڈ پشاور +92-91-9216454

کوئٹہ:...... بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بلڈنگ، کوئٹہ +92-81-826716

### ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) دفاتر کے ایڈریس

اسلام آباد:...... ایسٹ سروس روڈ، سیکٹر H-9 اسلام آباد +92-51-9040 0000

کراچی:...... شہزاد خلیل ایوینیو، نیشنل اسٹیڈیم روڈ، گلشن ٹاؤن، کراچی +92-21-99231476-77

لاہور:...... 55-B/2 گلبرگ 3 لاہور +92-42-99263092-96

پشاور:...... فیز 5 حیات آباد پشاور +92-91-9219571-76



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کوئٹہ:...... ہاؤس نمبر A-61، چمن ہاؤسنگ سوسائٹی، ائرپورٹ روڈ کوئٹہ 9201791-81-92+

چونکہ معادلہ کے لئے تمام اسناد کے کوائف شناختی کارڈ کے مطابق ہونا ضروری ہے اور بعض اوقات فضلاء کی اسناد اور شناختی کارڈ کے درمیان کوائف میں تفاوت ہوتا ہے۔ جب معادلہ کے لئے انٹربورڈ یا ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے دفاتر چلے جاتے ہیں تو انہیں معلوم ہوتا ہے کہ ان کی اسناد اور شناختی کارڈ کے کوائف یکساں نہیں ہیں۔ جس سے وقت کے ساتھ ساتھ پیسے کا بھی ضیاع ہوتا ہے۔ اس لئے پہلے اس بات کا اطمینان حاصل کرلیں کہ آپ کی جملہ اسناد اور شناختی کارڈ کے کوائف یکساں ہیں، بصورت دیگر پہلے دفتر وفاق سے اپنی اسناد کے کوائف شناختی کارڈ کے مطابق درست کروالیں۔ اسناد کی درستگی اور مثنیٰ اسناد کے حصول کا طریقہ کار حسب ذیل ہے۔

### وفاق المدارس کی اسناد میں درستگی کے کوائف

(1)...... متعلقہ مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر تصدیق نامہ برائے درستگی اسناد

(2)...... شناختی کارڈ یا ''ب'' فارم یا برتھ سرٹیفکیٹ (نادرا) یا میٹرک سند کی کاپی

(3)...... اصل اسناد مع کشف الدرجات اور فیس کی اصل رسید

نام / ولدیت کی مکمل تبدیلی کی صورت میں عدالتی بیان حلفی، تصدیق مسئول وفاق، اخباری اشتہار کا تراشہ بھی لف کرنا ضروری ہے۔ نام اور ولدیت دونوں کوائف مکمل تبدیل نہیں کیے جاتے بلکہ صرف ایک کی مکمل تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ البتہ جزوی تبدیلی دونوں میں ہوسکتی ہے۔

### گمشدگی اسناد کی صورت میں حصول مثنیٰ اسناد

(1)...... متعلقہ مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر تصدیق

(2)...... گمشدہ اسناد کی نقول اگر موجود ہوں یا سن امتحان ورقم الجلوس

(3)...... فیس کی اصل رسید (4)...... کسی بھی اخبار میں گمشدگی اسناد کے اشتہار کا تراشہ

### مثنیٰ اسناد کی فیس

حفظ 400 روپے، متوسطہ 400 روپے، ثانویہ عامہ 400 روپے، کشف الدرجات خاصہ اول بنات 400 روپے، ثانویہ خاصہ سال دوم 650 روپے، عالیہ سال دوم 650 روپے، عالمیہ 900 روپے، تجوید للعلماء 650 روپے، دراسات دینیہ 400 روپے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

### وفاق سے اجازت نامہ (NOC) کے حصول کا طریقہ

مزید تعلیم جاری رکھنے کے لئے وفاق المدارس سے اجازت نامہ (NOC) حاصل کرنا ہو تو درخواست مع شہادۃ العالیہ کی نقل اور فیس مبلغ 400 روپے دفتر وفاق کو بھجوائیں۔

### آخری گزارش:

گزشتہ کئی سالوں سے یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ طلبہ / طالبات اپنے ابتدائی درجات کے داخلہ فارم پر کرتے وقت اپنے درست کوائف کے اندراج سے نابلد ہوتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں انہیں عین اس وقت دشواری کا سامنا ہوتا ہے، جب انہیں اعلیٰ تعلیم یا ملازمت کے حصول کے لئے اسناد کی ضرورت پیش آتی ہے۔

درست کوائف کا اندراج جہاں طالب علم کی ضرورت اور ذمہ داری ہے وہاں یہ ذمہ داری اہل مدارس پر بھی عائد ہوتی ہے۔ چونکہ طالب علم کو ابتدائی درجات میں اتنا شعور نہیں ہوتا، نہ اس کو اسناد کی اہمیت معلوم ہوتی ہے اور نہ ہی اس بات کا ادراک ہوتا ہے کہ شناختی کارڈ اور اسناد کے کوائف میں یکسانیت نہ ہونے کے باعث بعد میں کیا مشکلات پیش آسکتی ہیں۔

چنانچہ اہل مدارس کو چاہیے کہ پوری تحقیق کے ساتھ اپنے طلبہ کے کوائف کا اندراج، ان کے سرکاری ریکارڈ (شناختی کارڈ فارم ب / برتھ سرٹیفکیٹ) کے مطابق یقینی بنائیں۔ تاکہ مدارس کے طلبہ کے قیمتی وقت اور پیسے کا ضیاع نہ ہو۔

مزید برآں گزشتہ دنوں حکومت پنجاب نے ایجوکیٹر بھرتی کے حوالے سے مدارس دینیہ کے فضلاء کو نظر انداز کیا تھا، جس پر اکابرین وفاق بالخصوص ناظم اعلیٰ وفاق المدارس حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے اس حوالے بھرپور کوششیں کیں اور اتحاد تنظیمات مدارس کے فورم سے بھی اس کے لئے جدوجہد کی گئی۔ جس کے نتیجے میں تادم تحریر یہ پیش رفت ہوئی ہے کہ حکومت پنجاب نے فضلاء کا مسئلہ حل کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ حکومت پنجاب اس بارے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کے لئے جلد از جلد عملی اقدامات کرے گی۔

**(نوٹ: آئندہ صفحات میں ہائر ایجوکیشن کمیشن اور منسٹری آف ایجوکیشن کے نوٹیفکیشنز کے عکس دیئے جارہے ہیں)**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**HIGHER EDUCATION COMMISSION**
Sector H-9, Islamabad Ph:9257508 Fax No.9257505
URL: www.hec.gov.pk

**Director General**
**Accreditation & Attestation**

No.8-16/HEC/A&A/2004 /767
May 12. 2004

The Nazim Aala,
Wafaq-ul-Madaris Al-Arabia,
Markazi Office Gordon Town,
Sher Shah Road, Multan

Subject: **LIST OF AFFILIATED DEENI MADARIS.**

Dear Sir,

As per decision of the Equivalence Committee of erstwhile UGC final sanad "Shahadatul Almiya Fil Uloomal Arabia wal Islamia" awarded by five Wafaq-ul-Madaris, Tanzeem-ul-Madaris, Rabit-ul-Madaris and five individual Madaris listed below are accepted by Higher Education Commission as equivalent to M.A Arabic/Islamic Studies for the purpose of teaching Arabic and Islamic Studies in Colleges and Universities and for pursuing higher studies. The approved Madaris are as under:

1. Wafaq-ul-Madaris Al-Arabia, Markazi Office Gordon Town, Sher Shah Road, Multan.
2. Tanzeem-ul-Madaris Alhe Sunnat, Jamia Naeemia, Ghari Shaho, Lahore
3. Wafaq-ul-Madaris Al-Salfia, Hajiabad Post Code 38600, Faisaalabad.
4. Wafaq-ul-Madaris Shia, Jamia-al-Muntazar, H. Block, Model Town, Lahore.
5. Rabita-ul-Madaris Al Islamia Mansoora Road. Lahore.

6. Jamia Islamia Minhaj-ul-Quran, 366 Model Town, Lahore.
7. Jmia Taleemat-e-Islamia, Sargodha Road, Faisalabad.
8. Jamia Ashrafia, Feroz Pura Road. Lahore.
9. Darul Uloom Mohammadia Ghousia Bhera Distt. Sargodha.
10. Darual Uloom, Korangi Greek, Karachi.



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



For recognition of Final Sanad "Shahadatul Almiya Fil Uloomal Arabia wal Islamia", the holders are required to possess following Certificate/Asnad:

| | |
|---|---|
| - Middle School Certificate | 8-year of study |
| - Shahadatul Sanvia Aama: | 2-year of study |
| - Shahadatul Sanvia Khasa: | 2-year of study |
| - Shahadatul Alia: | 2-year of study |
| - Shahadatul Almiya: | 2-year of study |

Thus, making total period of study as **16-year** i.e. at par with the duration of study for Master's degree in Arabic or Islamic Studies.

The Commission, however, is facing problems in accertaining the genuineness of Asnad and determining their equivalence because of the following:

(i) that students admitted for Sanad "Sanvia Aama" are admitted without having passed Middle School Certificate or 8th class from school/s in main stream.

(ii) that in majority of cases period of study between any two Asnad is less than 2-year. Thus, making totle period of study less than 16-year, which is pre-requisite for consideration of grant of equivalence.

(iv) number of cases have been repeated, where holders of 'Asnad' did not attend the main or principal seat of Wafaq or Tanzeem or Rabit ul Madaris or Individual Madaris listed above, rather have obtained 'Asnad' through affiliated Madaris.

Therefore, in order to avoid any chance of getting 'Deeni Asnad' through fake or bogus institutions, you are requested to provide this office a list of affiliated Madaris of your Wafaq/Tanzeem or Rabit-ul-Madaris.

The list of approved institutions is required to reach undersigned by May 30, 2004 failing which it may not be possible to 'Attest' the Asnad and to consider these for 'Equivalence .

Yours faithfully,

14.3.04

Muhammad Javed Khan



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Ph: 0092-051-9235017
Fax: 0092-051-9250454
& 0092-051-9250451
www.ibcc.edu.pk

GOVERNMENT OF PAKISTAN, MINISTRY OF EDUCATION

# INTER BOARD COMMITTEE OF CHAIRMEN

AT FBISE Building, H-8/4, Islamabad
PAKISTAN

No. IBCC/ES/DM/ 3780-02 06 October 2007

Subject;- IBCC RESOLUTION TO MAKE SUBJECT OF MATHEMATICS COMPULSORY IN ADDITION TO URDU, ENGLISH AND PAK STUDIES FOR OBTAINING SSEC & URDU, ENGLISH, PAK STUDIES AND TWO ELECTIVE SUBJECTS FOR OBTAINING HSSEC BY STUDENTS OF RECOGNIZED DEENI MADARIS W.E.F. 01 JANUARY, 2008

The IBCC during its 115th meeting, under item No.4, held on 29-30 March, 2007, at Karachi, passed the following resolutions:-

(i) Students seeking Secondary School Equivalence Certificate (SSEC) from IBCC and holding Asnad of Shahadat-ul-Sanviat-ul-Aama issued by recognized Deeni Madaris of Pakistan will have to pass the subjects of Urdu, English, Mathematics and Pak Studies from any Board of Intermediate and Secondary Education in Pakistan or Allama Iqbal Open University w.e.f. 01 January, 2008.

(ii) Students seeking Higher Secondary School Equivalence Certificate (HSSEC) from IBCC and holding Shahadat-ul-Sanviat-ul-Khasa issued by recognized Deeni Madaris of Pakistan will have to pass the subjects of Urdu, English, and any two elective subjects from Humanities Group of HSSC Scheme of Studies 2006.

(Wilayat Khan Khattak)
Assistant Secretary (Q&E)

Contd...p/2



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



1- Wafaq-ul-Madaris-ul-Arabia, Markazi Office, Gordon Town, Sher Shah Road, Multan (Pakistan)

2- Tanzeem-ul-Madaras (Ahle-e-Sunnat), Jamia Naeemia, Ghari Shaho, Lahore (Pakistan)

3- Wafaq-ul-Madaras Al-Salfia Hajiabad, Post Code 38600, (Ahle-Hadith), Faisalabad (Pakistan)

4- Rabita-tul-Madaras Al-Islamia, Mansoora Road, Lahore (Pakistan)

5- Wafaq-ul-Madaras (Shia), Jamia-al-Muntazar, H. Block, Model Town, Lahore (Pakistan)

6- Jamia Islamia Minhaj-ul-Quran, 366 Model Town, Lahore

7- Jamia Taleemat-e-Islamia, Sargodha Road, Faisalabad

8- Jamia Ashrafia, Feroz Pura Road, Lahore

9- Darul Uloom Mohammadia Ghousia, Bhera Distt. Sargodha

10- Darul Uloom, Korangi Creek, Karachi

c.c. to:-
1) PSO to Federal Minister for Education, Islamabad
2) PS to Federal Minister of State for Education, Islamabad
3) PS to Federal Secretary Education, Islamabad
4) Education Secretary, Baluchistan, NWFP, Punjab & Sindh & AJK
5) Director, Monitoring & Evaluation, Ministry of Education, HD
6) All Assistant Secretaries HEC.



© rasailojaraid.com